© rasailojaraid.com

## حضرت مولانا حافظ عزیز الرحمان لکھوی ناظم امتحانات وفاق المداس السلفیہ پاکستان کا سانحہ ارتحال!

یہ خبر پوری جماعت میں نہایت دکھ اور افسوس کے ساتھ سنی گئی کہ ممتاز عالم دین اور نمونہ سلف جناب حافظ عزیز الرحمن لکھوی گذشتہ دنوں شدید علالت کے بعد لاہور میں انتقال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

آپ کی نماز جنازہ اسی شام رینالہ خورد میں ادا کی گئی۔ جس میں ملک بھر سے علماء کرام، طلبہ، عمائدین اور تمام مکتب فکر کے لوگوں نے بھاری تعداد میں شرکت کی۔ خصوصاً جناب حافظ محمد یحییٰ عزیز میر محمدی امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان جناب مولانا معین الدین لکھوی ایم۔این۔اے جناب میاں فضل حق رئیس الجامعہ السلفیہ نے شرکت فرمائی۔ جامعہ سلفیہ کے تمام اساتذہ کرام اور طلبہ بھی جنازہ میں شریک ہوئے۔

حضرت حافظ عزیز الرحمن لکھوی کا شمار جامعہ سلفیہ کے اولین فارغ التحصیل ہونے والے علماء کرام میں ہوتا ہے۔ لکھوی خاندان سے تعلق ہونے کے باعث آپ کا ایک وسیع حلقہ بھی ہے۔ آپ نہایت ہی صالح اور متقی تھے۔ ملنسار اور اعلیٰ اخلاق کے مالک تھے۔ آپ نے اپنے حسن اخلاق سے رینالہ خورد اور اس کے گرد پیش میں دعوت و تبلیغ کا کام بڑے موثر انداز میں کیا اور خاص کر کتاب و سنت کی تعلیم عام کرنے کیلئے طلبہ اور طالبات کے ادارے قائم کئے اس کام کیلئے آپ نے پوری زندگی وقف کر رکھی تھی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وفاق المدارس السلفیہ پاکستان کی تشکیل میں آپ کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ اس کی تنظیم سازی کیلئے آپ نے جناب حافظ محمد یحییٰ عزیز اور جناب میاں فضل حق صاحب کے ساتھ مل کر مدارس اور جامعات کا طوفانی دورہ کیا۔ اور ناظمین کو وفاق کی ضرورت اور اہمیت سے آگاہ کیا۔ انہیں کوششوں کا نتیجہ ہے۔ کہ ۱۹۷۸ء سے وفاق کا باقاعدہ امتحان شروع ہوا۔ ابتداء سے ہی آپ اس کے ناظم امتحانات مقرر ہوئے اور وفات تک اپنے فرائض بڑی تندہی اور لگن سے ادا فرماتے رہے۔ ہر سال امتحانات کے موقع جامعہ سلفیہ فیصل آباد تشریف لاتے اور خود تمام امور کی نگرانی فرماتے۔ اپنی حلیم الطبع ہونے کی وجہ سے طلبہ آپ سے بہت مانوس تھے۔

آپ کی اچانک رحلت سے ہم ایک مشفق اور مخلص عالم دین سے محروم ہوئے ہیں۔ اور خاص طور پر وفاق المدارس السلفیہ کو آپ کی وفات سے ناقابل تلافی نقصان ہوا ہے۔ اب جب کہ وفاق المدارس کا حلقہ بہت وسیع ہو رہا تھا۔ آپ جیسے محسن کی اشد ضرورت تھی آپ کے تجربات اور مفید مشوروں سے ادارہ وفاق بہت مستفید ہوتا رہا۔ اب مدتوں آپ کی کمی محسوس کی جاتی رہے گی۔

دعا ہے اللہ تعالیٰ مرحوم مقصود کو اپنی جوار رحمت میں جگہ نصیب فرمائے۔ اور آپ کے لواحقین کو صبر جمیل سے نوازے۔ آمین۔

ادارہ جامعہ سلفیہ، وفاق المدارس السلفیہ، اور ترجمان الحدیث آپ کے انتقال پر غم زدہ ہے اور لواحقین سے اظہار تعزیت کرتا ہے۔

اللهم اغفرله وارحمه وادخله الجنة

© rasailojaraid.com